**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**
**ORDERS OF THE DAY**

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 18th February, 2025 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2.** **SYED WASEEM HUSSAIN** **SYED AMIN UL HAQ** **MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN** **SYED MUSTUFA KAMAL** to invite attention of the Minister for Communications to a matter of urgent public importance regarding the collection of extra toll tax at various locations on Karachi-Hyderabad M-9 motorway, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**3.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology Bill, 2025].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5.** **MR. NAVEED AAMIR**
**MR. RAMESH LAL**
**DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO**
**MIRZA IKHTIAR BAIG**
**SYED ALI QASIM GILLANI** to move for leave to introduce a Bill to establish a National Commission for Minorities Rights [The National Commission for Minorities' Rights Bill, 2025].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**7.** **MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the establishment of the Ghurki Institute of Science and Technology [The Ghurki Institute of Science and Technology Bill, 2024]. (Moved by Ms. Samina Khalid Ghurki, MNA)

## LEGISLATIVE BUSINESS

**8.** **MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**9.** **MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], be passed.

**10.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**11.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], be passed.

## AMENDMENT TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**12.** **SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**(1) <u>Amendment in Rule 2 of the Rules of Procedure</u>.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 2.-

(1) in the definition of "Minister", the expression "**or a Parliamentary Secretary in respect of any function delegated or entrusted to him by a Minister", shall be omitted.**

(2) after the definition of "Parliament House", the following new definition, shall be inserted, namely.-

"**Parliamentary Secretary"** refers to a member appointed in respect of any parliamentary functions assigned, delegated, or entrusted exclusively by the Minister of the Ministry or Division to which the **Parliamentary Secretary** is appointed."

**(2) <u>Insertion of new Rules in the Rules of Procedure</u>.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, after rule 39B, the following news rules shall be inserted, namely.-

**"39C.** The Cabinet shall collectively be responsible to the National Assembly, in accordance with Clause (6) of Article 91 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**39D.** The Minister shall assume primary responsibility for the disposal of business pertaining to his or her portfolio.

**39E.** In cases of emergency, and with the prior approval of the Speaker, the Parliamentary Secretary may be allowed to assume the parliamentary functions of the Minister of the respective Ministry or Division, subject to prior intimation to the National Assembly Secretariat".

**(3) <u>Amendment in Rule 247 of the Rules of Procedure</u>.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 247, in sub-rule (3), for the full stop a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added at the end namely:-

"Provided that the notice of a Parliamentary Secretary shall only lapse in respect of the ministry or division to which the Parliamentary Secretary is appointed."

**13. SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**14. SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## <u>PRESENTATION OF PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE</u>

**15. SYED ABDUL QADIR GILANI,** Chairman Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## <u>RESOLUTIONS</u>

**16. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide inexpensive and speedy justice to the citizen across the country."

**17. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to reduce the electricity tariffs to facilitate the textile sector."

**18. MR. JAM ABDUL KARIM BIJAR** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to regularize the services of daily wager teachers who are working under the federal government schools and colleges."

**19. MR. ASIF KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide uninterrupted electricity to residents of NA-32, Peshawar-V (Khyber Pakhtunkhwa)."

**20. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to reduce the fees of medical colleges working under Pakistan Medical and Dental Council (PMDC)."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**21. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the deportation of Pakistanis from different countries.

**22. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the quality of services provided in Federal Government Hospitals for patients."

**23. SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of increase in the prices of electricity in the country."

**24. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Capital Development Authority.

## DISCUSSION ON A MATTER OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**25. MS. ALIYA KAMRAN** to discuss a matter of urgent public importance regarding discontinuation of tax exemption to teachers and researchers, equal to 25% of tax payable on their income from salaries, same was previously allowed in terms of Income Tax Ordinance, 2001.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**26.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**27. MS. ALIYA KAMRAN MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training to a matter of urgent public importance regarding severe financial difficulties being faced by public sector universities, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**17th February, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۸ فروری، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **سید وسیم حسین** **سید امین الحق** **جناب محمد معین عامر پیرزادہ**
**جناب محمد جاوید حنیف خان** **سید مصطفیٰ کمال** وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کراچی۔ حیدرآباد ایم۔۹ موٹروے کے مختلف مقامات پر اضافی ٹول ٹیکس وصول کئے جانے سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب نوید عامر** **جناب رمیش لال** **ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو** **مرزا اختیار بیگ**
**سید علی قاسم گیلانی** تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں کے قیام کا بل [قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۷۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ ثمینہ خالد گھرکی، رکن قومی اسمبلی)

## قانون سازی

۸۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی)**

۹۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۱۰۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۱۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۱۲۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

(۱) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲ میں،۔

(۱) ''وزیر'' کی تعریف میں عبارت ''یا وزیر کی جانب سے اسے تفویض کردہ یا سپرد کردہ کسی کام کے ضمن میں پارلیمانی سیکرٹری'' حذف کر دی جائے گی۔

(۲) ''پارلیمنٹ ہاؤس'' کی تعریف کے بعد حسب ذیل نئی تعریف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''پارلیمانی سیکرٹری'' سے مراد وزارت یاڈویژن کے وزیر کی جانب سے خصوصی طور پر سپرد کردہ، تفویض کردہ یا حوالے کردہ کسی پارلیمانی فرض منصبی کے ضمن میں تقرر کردہ رکن ہے، جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کی تقرری کی گئی ہے۔

(۲) **طریق کار کے قواعد میں نئے قواعد کی شمولیت:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۳۹ب کے بعد حسب ذیل نئے قواعد شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

**''۳۹/ج۔** کابینہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۹۱ کی شق (۶) کی روشنی میں مجموعی طور پر قومی اسمبلی کو جوابدہ ہوگی؛

**۳۹/د۔** وزیر اپنے عہدہ سے متعلق انصرام کار کو نمٹانے کے لئے بنیادی ذمہ داری سنبھالے گا؛ نیز

**۳۹/ہ۔** ہنگامی صورتحال میں اور اسپیکر کی پیشگی منظوری کے ساتھ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو پیشگی اطلاع سے مشروط پارلیمانی سیکرٹری کو متعلقہ وزارت یاڈویژن کے پارلیمانی امورہائے کار سپرد کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔''

(۳) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۴۷ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں قاعدہ ۲۴۷ کے ذیلی قاعدہ (۳) میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد آخر میں حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری کے نوٹس کی میعاد صرف وزارت یاڈویژن جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کا تقرر کیا گیا ہے، کے ضمن میں ختم ہوگی۔''

۱۳۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۱۴۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۵۔ **سید عبدالقادر گیلانی**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قراردادیں

۱۶۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر میں شہریوں کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۱۷۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ٹیکسٹائل شعبہ کو سہولت فراہم کرنے کے لئے بجلی کے ٹیرف کم کرنے کے لئے فوری قدامات کرے۔''

۱۸۔ **جناب جام عبدالکریم بجار** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت وفاقی سرکاری اسکولوں اور کالجوں میں کام کرنے والے یومیہ اجرتی اساتذہ کرام کی خدمات کو باقاعدہ بنانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۱۹۔ **جناب آصف خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت این اے۔۳۲، پشاور۔V (خیبر پختونخوا) کے رہائشیوں کو بلا تعطل بجلی فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۲۰۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان میڈیکل وڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے تحت کام کرنے والے میڈیکل کالجوں کی فیسوں کو کم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۲۱۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان مختلف ممالک سے پاکستانیوں کی ملک بدری پر بحث کرے۔''

۲۲۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان مریضوں کے لئے وفاقی سرکاری ہسپتالوں میں فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار پر بحث کرے۔''

۲۳۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ملک میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔''

۲۴۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

## قاعدہ ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث

۲۵۔ **محترمہ عالیہ کامران** فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث کریں گی جو اساتذہ اور محققین کی تنخواہوں سے ان کی آمدن پر قابل ادا ٹیکس کا ۲۵ فیصد کے مساوی ٹیکس استثنیٰ ختم کئے جانے سے متعلق ہے جس کی اس سے قبل انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء کے تحت اجازت تھی۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۶۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۷۔ **محترمہ عالیہ کامران** **جناب محمد عثمان بادینی** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سرکاری یونیورسٹیوں کو درپیش شدید مالی مشکلات سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۷ فروری، ۲۰۲۵ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**